جہاز میں عورت نماز پڑھے گی یا نہیں؟

مجیب: مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1435

تاریخ اجراء: 11 رجب المرجب 1445ھ / 23 جنوری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

جہاز میں سفر کے دوران اسلامی بہن نماز پڑھے گی یا نہیں، اگر پڑھے گی تو قبلہ کا اندازہ کیسے لگائے؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

رن وے پر کھڑے ہوئے ہوائی جہاز اور ہوا میں پرواز کرتے ہوئے جہاز میں نماز ہو جاتی ہے لہذا اسلامی بہنوں کو بھی اس میں نماز پڑھنا ہو گی۔ یاد رہے ہوائی جہاز میں بھی کھڑے ہو کر قبلہ رخ ہی نماز ادا کی جائے گی اور قبلہ کا تعین کمپاس وغیرہ سے کیا جائے گا اگر ایسا کچھ موجود نہ ہو تو تحری کر کے نماز ادا کرے۔ فقیہ الہند علامہ مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں: "کشتی، ہوائی جہاز۔۔۔ کسی بھی چلتی ہوئی سواری میں نماز پڑھے تو بھی استقبالِ قبلہ شرط ہے افتتاح کے وقت بھی، اور درمیان میں بھی، جیسے قبلہ بدلتا جائے یہ اپنی نماز میں گھومتا جائے جبکہ کوئی عذر نہ ہو۔۔۔ اسی طرح قیام، رکوع، سجدہ بھی فرض ہے بشرطیکہ عاجز نہ ہو، ورنہ جیسے قدرت ہو پڑھے۔" (نزھۃ القاری شرح صحیح البخاری، جلد 2، صفحہ 375، برکاتی پبلشرز کراچی)

ہوائی جہاز میں نماز پڑھنے کی مختلف صورتوں کے متعلق تفصیل جاننے کے لیے درج ذیل لنک پر موجود فتوی کا مطالعہ فرمائیں۔

https://www.daruliftaahlesunnat.net/ur/hawai-jahaz-main-namaz-5923-e

وَاللہُ اَعۡلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوۡلُہ اَعۡلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net